# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## (شعبۂ اُردو)

## وارننگ

**عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ**

**-1 اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔**

**-2 کسی دوسرے سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔**

کورس: اردو داستان اور ناول: فکری و فنی مباحث (9011) سمسٹر: بہار، 2025ء

سطح: بی ایس اُردو

### (ہدایت نامہ برائے طلبہ)

براہ مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔ (ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1۔ تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں، البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (PDF یا Word فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔

5۔ مقررہ تاریخ کے بعد/ تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی، جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہوگا۔

6۔ آپ کے تجزیاتی اور تنقیدی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7۔ غیر متعلقہ بحث/ معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

### امتحانی مشق نمبر 1

### (یونٹ: 1 تا 5)

کل نمبر 100 کامیابی کے نمبر: 50

سوال 1: فورٹ ولیم کالج میں تحریر کردہ اردو داستانوں کا تعارف پیش کریں۔ 20

سوال 2: 'باغ و بہار' میں ہمیں دلی کا محاورہ دکھائی دیتا ہے، اس حوالے سے داستان کے اسلوب پر بات کریں۔ 20

سوال 3: قیامِ پاکستان کے بعد اردو ناول کے ارتقا پر روشنی ڈالیں۔ 20

سوال 4: فسانۂ عجائب' کی اہمیت کا تنقیدی جائزہ پیش کریں۔ 20

سوال 5: 'ابن الوقت' میں پیش کردہ قدیم اور جدید کی کشمکش کی اہمیت پر جامع بات کریں۔ 20

# امتحان مشق نمبر 2

(یونٹ نمبر 5 تا 9)

کل نمبر 100 کامیابی کے نمبر:50

| | |
|---|---|
| سوال 1: 'امراؤ جان ادا' کے پلاٹ اور برتی گئی تکنیکوں پر سیر حاصل بات کریں۔ | 20 |
| سوال 2: کیا فردوسِ بریں' کردار نگاری کے اعتبار سے ایک کامیاب ناول ہے؟ دلائل سے بات کریں۔ | 20 |
| سوال 3 'فسانۂ آزاد' داستان اور ناول کے بیچ کی کڑی ہے۔ وضاحت کریں۔ | 20 |
| سوال 4: ناول 'میدانِ عمل' کا فکری و فنی جائزہ پیش کریں۔ | 20 |
| سوال 5: 'میدانِ عمل' اور 'فسانۂ آزاد' کی کردار نگاری کا موازنہ پیش کریں۔ | 20 |